نگران منصور احمد خان
مدیر حیدر علی ظفر
ماہنامہ
مغربی جرمنی

# اخبار احمدیہ

کتابت: مقصود الحق — اگست 1982 — معاونت: طاہر محمود کاہلوں

History of AMJ Deutschland
تاریخ احمدیت جرمنی
Nr.:...................

## اے آمدنت باعث آبادیٔ ما

## سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کا یورپ میں ورود

### حضور وسط اگست میں جرمنی تشریف لائینگے انشاء اللہ۔

تمام احباب جماعت احمدیہ کیلئے یہ خبر نہایت مسرت اور خوشی کا باعث ہوگی کہ حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز 31 جولائی کو اوسلو ناروے تشریف لے آئے ہیں۔ حضور کا یہ سفر حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے اس مجوزہ سفر کے تتبع میں ہے جسمیں اسلام کی نشأۃ ثانیہ کے اس دور میں سرزمین اندلس میں بننے والی پہلی مسجد کا افتتاح ہوگا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ حضور ناروے، سویڈن اور ڈنمارک کی جماعتوں کا دورہ فرمانے کے بعد وسط اگست میں جرمنی تشریف لائینگے۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

## مغربی جرمنی میں حضور ایدہ اللہ کا مجوزہ پروگرام

مغربی جرمنی میں حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کا مجوزہ پروگرام ذیل میں احباب کی اطلاع کیلئے درج کیا جارہا ہے۔ احباب سے درخواست ہے اس مجوزہ پروگرام کو آخری اطلاع تصور فرمائیں۔ کسی تبدیلی کی صورت میں مطلع کیا جائیگا۔ عہدیداران جماعتہائے احمدیہ مغربی جرمنی پروگرام میں شرکت کی غرض سے ابھی سے تیاری کا آغاز فرمائیں۔

# ھمبرگ میں حضور ایدہ اللہ کی تشریف آوری

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے سفر کے پلان کے مطابق پہلے ہمبرگ تشریف لائینگے ۔ تمام احباب جماعت جو فاصلہ کے لحاظ سے فرانکفورٹ کی نسبت ہمبرگ سے زیادہ قریب ہیں وہ حضور سے ہمبرگ ہی میں ملاقات کرینگے ۔

## (ا) استقبال = مؤرخہ 14 اگست بروز ہفتہ

حضور ڈنمارک سے مسجد فضل عمر ھمبرگ تشریف لائیں گے ۔ تمام احمدی مرد وزن جماعتِ احمدیہ ہمبرگ و بیرون استقبال کی غرض سے مسجد میں اکٹھے ہوں گے اور منتظمین کی راھنمائی میں انتظام استقبال میں شریک ہوں گے ۔

## (ب) اجتماعی ملاقات = 15 اگست بروز اتوار 2 بجے دوپہر

مردوں کی اجتماعی ملاقات کا اہتمام مورخہ پندرہ اگست دو بجے بعد دوپہر مسجد فضل عمر میں ہوگا تمام احباب جماعت ہمبرگ و بیرون ملاقات میں شریک ہوں گے

## (ج) ملاقات برائے مستورات

## مؤرخہ 16 اگست بروز سوموار شام 6 بجے

ھمبوگ میں حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ اور حضرت بیگم صاحبہ کے ساتھ مستوراتِ ہمبرگ و بیرون کی ملاقات مؤرخہ سولہ اگست بروز سوموار شام چھ بجے ہوگی ۔

وقت کی پابندی فرمائیں

# فرانکفورٹ میں حضور ایدہ اللہ کی تشریف آوری

ہمبرگ سے انشاءاللہ حضور فرانکفورٹ تشریف لائینگے احباب جماعت احمدیہ فرانکفورٹ اور بیرون ملاقات کی غرض سے فرانکفورٹ تشریف لائینگے

## (ا) استقبال = 17 اگست بروز منگل

حضور انشاءاللہ العزیز مورخہ 17 اگست بروز منگل فرانکفورٹ ورود فرمائینگے۔ احباب جماعت احمدیہ فرانکفورٹ و بیرون منتظمین کی نگرانی میں بغرض استقبال مسجد نور میں اکھٹے ہوں گے مستورات بھی اس غرض کیلئے آسکتی ہیں۔

## (ب) نماز جمعہ = 20 اگست

نماز جمعہ کا اجتماع دو بجے مسجد نور ہی میں ہوگا۔ احباب بروقت تشریف لے آئیں

## (ج) ملاقات برائے مستورات

11.00 A.M.

مستورات کی حضور ایدہ اللہ اور سیدہ بیگم صاحبہ سے ملاقات 21 اگست بروز ہفتہ بوقت گیارہ بجے صبح ہوگی جس میں فرانکفورٹ اور بیرون کی مستورات شریک ہوں گی۔ مستورات کی ملاقات مسجد نور میں ہی ہوگی۔

## (د) اجتماعی ملاقات = 21 اگست بروز ہفتہ

## ساڑھے پانچ بجے شام بمقام

## VOLKBILDUNGSHEIM

### ECHENHEIMER ANLAGE 40 , FF/M

چونکہ مسجد نور میں جگہ کم ہے اسلیے متذکرہ بالا ہال میں اجتماعی ملاقات کی غرض سے انتظام کیا گیا ہے۔

**راستہ** (ا) مسجد سے بس 36 پر سوار ہوکر ECHENHEIMER TOR نامی سٹاپ پر اتریں

(۲) ریلوے سٹیشن سے آنے والے احباب بذریعہ S.BAHN "HAUPT WACHE" تک سفر کریں جہاں سے بذریعہ U1 ، U2 ، U3 ECHENHEIMERTOR پر اتریں اور مذکورہ بالا مقام پر پہنچیں

# ہر خلیفہ کا اپنا جُدا رنگ ہوتا ہے اُن میں موازنہ کرنا نادانی ہے

- یہ اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے کہ کس کا مقام کیسا ہے
- سبھی خلفاء آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مجموعی سیرۃ کے علاوہ اسکے مختلف پہلوؤں کے مظہر ہوتے ہیں اس لئے ان کا طرزِ عمل علیحدہ نظر آتا ہے۔
- احباب جماعت کو چاہیے کہ ان لغو دلچسپیوں سے باز رہیں اور سیرۃ نبوی کے ڈھانچے میں زندگیوں کو ڈھالیں
- **ملخص خطبہ جمعہ** از حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

---

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مؤرخہ 2 جولائی بروز جمعہ جو خطبہ ارشاد فرمایا اسمیں حضور نے سورۃ بنی اسرائیل کی آیات چوراسی اور پچاسی کی تفسیر کرتے ہوئے فرمایا کہ ان آیات میں جماعت احمدیہ کیلئے یہ سبق ہے کہ ہر تکلیف کے مقابلہ میں دشمنوں کی بھلائی سوچے اور ہر دکھ دینے والے کیلئے دُعا کرے غصے کے مقابلے میں دل میں رحم کے جذبات پیدا کرے ہم میں سے کمزور سے کمزور احمدی کے قدم میں بھی لغزش نہ آئے اور وہ سنت نبوی کے اس راستے پر ثبات قدم سے قائم رہے۔ حضور نے فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے دشمنوں سے دُکھ اٹھائے اور یہ جانتے ہوئے انکے ساتھ نیکی کی کہ وہ جواباً آپ سے ہمیشہ بُرائی کرینگے۔ حضور نے فرمایا احمدیوں کیلیے بھی یہی ایک طرزِ عمل ہے جسے انھیں اختیار کرنا ہے یہ ایک اجتماعی طرزِ عمل ہے مگر ایک اور ذاتی طرزِ عمل ہے سیدنا حضرت ابوبکر رض بھی سنتِ مصطفےٰ پر عامل تھے انکا اپنا طرزِ عمل تھا اسیطرح حضرت عمر رض، حضرت عثمان رض، اور حضرت علی رض بھی سنت نبوی کے پیروکار تھے مگر اُن کا رنگ، انداز اور طریق مختلف تھا۔ یہ سب خلفاء کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اپنی انفرادیت کی وجہ سے مجبور تھے کہ سنت نبوی کی پیروی کرنے میں اپنا مخصوص طرزِ عمل متعین کریں۔ حضور نے فرمایا اسکی وجہ یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرۃ کا بحرِ ذخّار کسی ایک فرد میں اکٹھا ہو ہی نہیں سکتا لوگوں نے آپکے عشق میں اپنی اپنی طبیعت کے مطابق رنگ پکڑے اور اسکا جُدا جُدا اظہار کیا جن لوگوں نے یہ بات نہیں سمجھی وہ نادانی سے خلفاء کا آپس میں مقابلہ کرنے لگ جاتے ہیں۔

خطبہ جمعہ جاری رکھتے ہوئے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے جماعت احمدیہ کو یہ نصیحت کی کہ وہ ایسی لغو دلچسپیوں سے باز رہیں کسی کے کہنے سے کسی خلیفہ کے مقام و منصب میں فرق نہیں آسکتا مقام تو صرف اللہ تعالیٰ کی نظر میں ہے وہی بہتر جانتا ہے انسان کو اپنی لاعلمی اور جہالت کو سمجھنا چاہیے کہ وہ ان معاملات میں دخل نہ دے جو اللہ تعالیٰ کے معاملات ہیں بندے کا یہ کام ہے کہ دُعا سے کام لے ساری جماعت کو چاہیے کہ وہ دُعا کرے کہ خلیفۂ وقت پر اللہ تعالیٰ کی رضا کی نظر پڑے حضور نے فرمایا میں یقین دلاتا ہوں کہ جتنی آپکے خلیفہ پر اللہ تعالیٰ کی رضا کی نظر پڑیگی اتنی ہی ساری جماعت پر اسکی رضا کی نظر پڑیگی۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اسکی توفیق عطا کرے آمین

خطبہ ثانیہ میں حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے حاضرین کو آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلم کے دو فرمان یاد دلائے ایک یہ کہ صفیں سیدھی ہوں اور دوسرا یہ کہ درمیان میں کوئی خلا نہ ہو۔ اسکے بعد حضور نے نماز پڑھائی اور سلام پھیرنے کے بعد گیارہ بار ہلکی آواز میں لا الٰہ الا اللہ کے مقدس و بابرکت کلمات کا ورد فرمایا۔

History of AMJ Deutschland
تاریخ احمدیت جرمنی
Nr.:....................